فوری ریلیز کے لیے: 6/1/2023 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL، میئر ADAMS، NYCHA کی جانب سے تقریباً 34,000 رہائشیوں کو عمارات میں سروس فراہم کرنے والے ایلیویٹرز کو تبدیل کرنے کی کوشش کا آغاز

وسیع پیمانے پر تجدیدی کام کے حصے کے طور پر 335 ایلیویٹرز کو تبدیل کیا جائے گا جن کے ذریعے 20 عمارات والے مقامات پر ایلیویٹر سروس بہتر بنائی جائی گی

NYCHA اور DASNY کے مابین $300 ملین فنڈنگ کے معاہدے کے تحت تمام پانچ بوروز میں عمارات میں انتہائی مطلوب مرمتی کام انجام دیے جائیں گے

گورنر Kathy Hochul، نیو یارک شہر کے میئر Eric Adams، نیو یارک سٹی کی ہاؤسنگ اتھارٹی کی عبوری CEO Lisa Bova-Hiatt کی جانب سے آج اعلان کیا گیا کہ اہم سرمایہ جاتی کام کے پہلے مرحلے کی منصوبہ بندی کا آغاز ہو چکا ہے، جس میں ریاست نیو یارک کی ڈورمیٹری اتھارٹی کے ساتھ کیے جانے والے اپریل 2022 میں دستخط کردہ $300 ملین فنڈنگ کے معاہدے کے حصے کے طور پر NYCHA 20 عمارات میں 335 ایلیویٹرز تبدیل کیے جائیں گے۔ مالی وسائل کی فراہمی NYCHA، ریاست نیو یارک کی مقننہ، اور گورنر Hochul کی مستحکم شراکت داری کے ذریعے ممکن بنائی گئی — جن سب نے NYCHA کے ایلیویٹر کے بنیادی ڈھانچے کی تجدید کے لیے فریم ورک تشکیل دینے کی خاطر مل جُل کر کام کیا، جیسا کہ 2019 کے امریکی محکمہ برائے رہائش و شہری تعمیرات کے معاہدے میں اس کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

"اس اہم سنگِ میل کے ذریعے، NYCHA بڑی تعمیراتی اصلاحات کا آغاز کرنے کے لیے تیار ہے، جس سے ہزاروں کی تعداد میں نیو یارک کے باشندوں کے گھروں اور زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے ریاستی سرمایہ کاری کی مد میں $300 ملین رقم ملے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "فی الوقت چونکہ ہماری ریاست کو محفوظ، مستحکم، اور قابلِ رسائی رہائش کی شدید قلت کا سامنا ہے، لہٰذا میری انتظامیہ ہمارے رہائشی سٹاک کی حفاظت کے لیے پُرعزم ہے — اور یہی وجہ ہے کہ میں نے گزشتہ سال نیو یارک شہر کے عوامی رہائشی تحفظاتی ٹرسٹ کے قیام کی خاطر قانون سازی پر دستخط کیے تھے۔ مجھے NYCHA، اس کے رہائشیوں، اور مقامی و ریاستی افسران کے ساتھ شراکت داری پر فخر ہے، اور میں مزید مواقع کا خیر مقدم کرتی ہوں تاکہ NYCHA کمیونٹیز کو فروغ کے ساتھ معاونت دی جا سکے۔"

"ہر روز، NYCHA کے رہائشیوں کو کئی دہائیوں کی قلیل سرمایہ کاری اور سرمایہ جاتی اشیاء میں اربوں ڈالر خرچ ہونے کے باعث اس کے نتائج بھگتنا پڑتے ہیں۔ نیو یارک کے ہر باشندے کو ایک ایسا معیارِ زندگی فراہم کرنے کے لیے، کہ جس کا وہ استحقاق رکھتا ہے، تخلیقی صلاحیت اور شراکت داری درکار ہوتی ہے — اور اس معاہدے میں یہ دونوں چیزیں پیش کی گئی ہیں،" **میئر Adams نے کہا۔** "عوامی رہائشی تحفظاتی ٹرسٹ، PACT پروگرام، اور اسی طرز کے پروگراموں کے ذریعے، ہم رہائشیوں کو حقیقی اختیارات کا سلسلہ فراہم کر رہے ہیں تاکہ وہ اپنے گھروں میں اپنی پسند کے مطلوبہ مرمتی کام کروا سکیں۔ میں NYCHA میں سرمایہ کاری کرنے پر البانی میں اپنے تمام شراکت داران کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں، اور میں اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا منتظر ہوں تاکہ نیو یارک کے 34,000 باشندوں کو ٹوٹ پھوٹ کے شکار خطرناک ایلیویٹرز سے بچانے میں مدد دی جا سکے۔"

"NYCHA میں اہم مرمتی کاموں کی انجام دہی کے لیے سب کی طرف سے کوشش درکار ہوتی ہے، اور ہم سرمایہ جاتی فنڈنگ میں $300 ملین کی اس ریاستی شراکت داری کے لیے انتہائی مشکور و ممنون ہیں۔ جلد ہی، نیو یارک کے 34,000 باشندگان کو یہ ریلیف حاصل ہو گا کہ ہر شخص قابل اعتماد اور محفوظ ایلیویٹرز سے لطف اندوز ہو سکے گا،" **چیف ہاؤسنگ آفیسر Jessica Katz نے کہا۔** "ہم ریاست اور دیگر شراکت داران کے ساتھ کام کرنے کا عمل جاری رکھنے کا خیرمقدم کرتے ہیں تاکہ NYCHA کے رہائشیوں کو وہ معیارِ زندگی فراہم کر سکیں، جس کا وہ استحقاق رکھتے ہیں۔"

"اس معاہدے کے تحت فراہم کردہ فنڈز ہمیں اس قبل بنائیں گے کہ وہ اپنے عمارتی بنیادی ڈھانچے کے ایک اہم مادی عنصر کی جانچ کر سکیں: وہ ایلیویٹر سروس، جو کہ ہمارے رہائشیوں کو درکار ہے اور جس پر وہ انحصار کرتے ہیں،" **نیو یارک شہر کی ہاؤسنگ اتھارٹی کی عبوری CEO Bova-Hiatt نے کہا۔** "ہم گورنر Hochul، ریاست نیو یارک کے سینیٹ اور اسمبلی رہنماؤں، اور DASNY کی معاونت و حمایت کے انتہائی شکرگزار ہیں، جو یہ فنڈنگ معاہدہ عمل میں لائے اور ان اہم سرمایہ جاتی وسائل کی فراہمی کو اس وقت یقینی بنایا جب اتھارٹی مشکل وقت سے گزر رہی تھی۔"

ریاست نیو یارک کی ڈورمیٹری اتھارٹی کے صدر اور CEO Reuben McDaniel III نے کہا، "DASNY کو اتھارٹی کے بنیادی ڈھانچے میں اس بنیادی اور ضروری اصلاح کی معاونت میں کردار ادا کرنے پر فخر ہے۔" "ہم گورنر Hochul کی قیادت اور ان ضروریات کو پورا کرنے کی خاطر ان کی جانب سے مقننہ کی معاونت کے شکر گزار ہیں۔ ہم NYCHA کی جانب سے NYCHA کے رہائشیوں کے فائدے کی خاطر تیزی کے ساتھ اس پورٹ فولیو کو آگے بھیجنے کے منتظر ہیں۔"

تقریباً 34,000 رہائشی جو تقریباً 16,000 اپارٹمنٹس میں رہائش اختیار کیے ہوئے ہیں، وہ 20 عمارات، جن میں چھ سینیئر مختص کردہ کیمپسز شامل ہیں، ان میں بہتر ایلیویٹر سروس سے مستفید ہوں گے۔ مستقل ایلیویٹر سروس خاص طور پر ان بزرگ افراد اور رہائشیوں کے لیے ضروری ہے جو نقل و حرکت کی معذوریوں کے شکار ہوں؛ NYCHA میں 62 سال کی عمر سے زائد 78,000 رہائشی ہیں، اور تقریباً 40 فیصد NYCHA گھرانوں کے سربراہان ایسے افراد ہیں جن کی عمریں 62 سال سے زائد ہیں۔ NYCHA ایلیویٹرز 31,000 سے زائد نقل و حرکت کی معذوریوں کے شکار رہائشیوں کو بھی سروس فراہم کرتے ہیں۔

32 سال قبل 1990 میں نصب کردہ پورٹ فولیو میں طویل ترین ایلیویٹرز پر مشتمل NYCHA ایلیویٹر سٹاک پرانا ہے۔ ریاستی سرمایہ جاتی احیائے نو کے منصوبے (State Capital Revitalization Plan) میں شناخت کردہ تمام تر ایلیویٹرز کثیر خاندانی رہائشی عمارت کے لیے 15 سے 20 سال کی عمومی قابلِ استعمال مدت پوری کر چکے ہیں یا اس سے زیادہ پرانے ہیں۔

ریاست نیو یارک کی مقننہ کی جانب سے 2020 اور 2021 کے ریاستی بجٹس میں NYCHA کے لیے $300 ملین کی رقم مختص کی گئی تاکہ اتھارٹی کے پورٹ فولیو میں قدیم تریم ایلیویٹرز کو اپ گریڈ کیا جا سکے۔ NYCHA کی جانب سے ابتداءً ستمبر 2021 کے ریاستی سرمایہ جاتی احیائے نو کا منصوبہ پیش کیا گیا تاکہ اس مقصد کے حصول کے لیے اپنے تصور کا خاکہ تشکیل دیا جا سکے، جبکہ DASNY کی جانب سے حالیہ ترین فنڈنگ معاہدے میں اس کی منظوری دی گئی۔

مذکورہ فنڈنگ سے ایلیویٹر کی تبدیلی کی منصوبہ سازی کے عمل کا اپریل کے شروع میں آغاز کرنے میں مدد ملی۔ تبدیلی طلب ایلیویٹرز کی تعداد اور متعلقہ تعمیرات کی میعاد پر منحصر، 20 مختلف مقامات میں ایلیویٹر کی تبدیلی کے کام کی ٹائم لائن اندازاً (کیسیڈی لیفیئیٹ ہاؤسز میں) 49 مہینوں سے لے کر (مرسی ہاؤسز میں) 81 مہینے تک ہے۔ ایلیویٹر کی تعمیر مکمل ہونے کا تمام تر کام دسمبر 2028 کے اوائل میں شیڈول کیا گیا ہے۔

ایلیویٹر اپ گریڈز کی وصول کنندہ عمارات کی مکمل فہرست یہاں دستیاب ہے۔

یہ کوشش نیو یارک کی عوامی رہائش کے رہائشیوں کے لیے محفوظ، مستقل گھروں کی فراہمی کے حوالے سے گورنر Hochul کے عزم کی بنیاد ہے۔ 2016 سے اب تک، ریاست نیو یارک کی جانب سے NYCHA کو 1.2$ بلین سے زائد رقم فراہم کی گئی ہے، جس میں 350$ ملین FY 2023 میں مختص کیے گئے تھے۔ ان اہم سرمایہ کاریوں کو معیارِ زندگی میں بہتریاں لانے کے علاوہ گرمائش، حفاظت، ایلیویٹر، اور دیگر اصلاحات کی خاطر بروئے کار لایا گیا ہے۔

جون میں، گورنر Hochul نے نیو یارک سٹی پبلک ہاؤسنگ پریزرویشن ٹرسٹ کو وجود میں لانے کے قانونی مسودے پر دستخط کیے جو کہ NYCHA کے زیر انتظام آنے والے 25,000 اپارٹمنٹس کی مرمت، بحالی اور جدید بنانے کے لیے مالیاتی وسائل فراہم کرنے میں مدد کے لیے ایک عوامی فلاح کی کارپوریشن ہے۔ یہ ٹرسٹ ان گھروں کو کم خرچ رکھنے کی ضمانت بھی ان حقوق کا تحفظ کر کے دیتا ہے جو یقینی بناتے ہیں کہ رہائشی اپنی آمدنی کا صرف 30 فیصد کرائے کی مد میں ادا کریں، رہائشیوں کے پاس وراثت کے تمام موجودہ حقوق برقرار رہیں، کم آمدنی والے رہائشیوں کے لیے اپارٹمنٹس کی دستیابی برقرار رہے؛ اور یہ کہ خالی ہونے والے اپارٹمنٹس کا NYCHA کی فہرست انتظار کے مطابق پُر کیا جانا جاری رہے۔

نمائندہ Nicole Malliotakis کا کہنا تھا کہ، "کانگریس میں، میں نے کرایہ داروں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کی خاطر NYCHA اور HUD کی قیادت کے ساتھ مل کر کام کیا ہے اور مجھے یہ دیکھ کر نہایت خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ میئر اور گورنر نے بھی اس مسئلے کی جانب غور کرتے ہوئے ایلیویٹر سروس میں اہم مرمتی کام انجام دیے ہیں۔ تمام تر رہائشیوں کے محفوظ رہن سہن، باوقار رہائش کے قابل ہونے کو یقینی بنانے کی خاطر ہمیں تمام تر حکومتی سطحوں پر مسلسل کام کرنا ہو گا اور میں اپنے شہر اور ریاستی شراکت داران کے NYCHA کا احتساب کرنے کے کام کے سلسلے میں ان کے ساتھ مل کر کام کرنے اور مستقبل میں کرایہ داروں کی حمایت جاری رکھنے کی منتظر ہوں۔"

نمائندہ Ritchie Torres نے کہا، "ایک ایسے شخص کے طور پر جس کی پرورش عوامی رہائش میں ہوئی ہو اور میری والدہ کی طرح کے خاندان کے ساتھ، جو کہ تاحال وہیں پر رہائش پذیر ہیں، میں اس بات کو سمجھتا ہوں کہ روزمرہ کے کاموں کی انجام دہی کے ذریعے کے طور پر محفوظ، قابلِ اعتماد، اور فعال ایلیویٹرز کا ہونا کس قدر اہمیت رکھتا ہے۔ یہ ہزاروں کی تعداد میں میرے ساتھی نیو یارک کے باشندگان کے لیے ایک نمایاں بہتری ہو گی، جن کے اندر ہم میں سے انتہائی زدپذیر افراد بھی شامل ہیں جیسے کہ بزرگ افراد اور وہ افراد جو نقل و حرکت کے مسائل کا شکار ہیں۔"

نمائندہ Dan Goldman کا کہنا تھا کہ، "ہم پر اس امر کو یقینی بنانے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ NYCHA کرایہ داروں کو ایسا باوقار اور قابلِ احترام رہن سہن فراہم کیا جائے جس کا وہ استحقاق رکھتے ہیں۔ میں گورنر Hochul اور میئر Adams کے ایسے ناقابلِ قبول حالات کے حوالے سے انتہائی مطلوب کارروائیاں عمل میں لانے پر ان کا معترف ہوں، کہ جنہیں ہمارے شہر میں مقیم لاتعداد رہائشیوں کو مجبوراً برداشت کرنا پڑتا ہے۔ عوامی رہائش میں مقیم ہمارے رہائشیوں کو سہولیات کی فراہمی وفاقی سطح پر میری اوّلین ترجیح ہے، اور میں شہر اور ریاست کے ساتھ مسلسل کام کو جاری رکھنے کا منتظر ہوں تاکہ ان NYCHA کرایہ داروں کے لیے مطلوبہ نتائج فراہم کیے جا سکیں جنہیں اکثر نظرانداز کر دیا جاتا ہے اور وہ پسماندہ رہ جاتے ہیں۔"

اسمبلی سپیکر Carl Heastie نے کہا، "اسمبلی میں اکثریتی حیثیت سے ہم نے اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کام کیا ہے کہ نیو یارک کے باشندوں کو معیاری، سستی اور قابلِ رسائی رہائش میسر ہو۔ ان 20 ترقیاتی کاموں میں ایلیویٹرز کی تبدیلی سے ان NYCHA رہائشیوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ NYCHA ہزاروں کی تعداد میں نیو یارک کے باشندوں کے لیے گھر کی حیثیت رکھتا ہے، جن میں سے اکثر عمر رسیدہ ہیں، اور اپنے روزمرہ کے کاموں کی خاطر آنے جانے کے لیے وہ ایلیویٹرز پر انحصار کرتے ہیں۔ یہ اہم سرمایہ کاریاں ہمارے شہرِ عظیم میں NYCHA کے عمارات کی تجدید میں معاونت فراہم کریں گی۔"

ریاستی سینیٹر اور سینیٹ ہاؤسنگ کمیٹی کے صدر Brian Kavanagh کا کہنا تھا کہ، "میں نیو یارک شہر کی ہاؤسنگ اتھارٹی اور ریاست کی ڈورمیٹری اتھارٹی کا مشکور ہوں جو ہماری فراہم کردہ ریاستی سرمایہ جاتی فنڈنگ

کے ذریعے 335 پرانی اور ناقابلِ بھروسہ ایلیویٹرز کو تبدیل کرنے کے لیے یہ اہم سرمایہ کاریاں کرنے کے لیے آگے بڑھیں۔ میں ان عمارتوں میں قابلِ بھروسہ، فعال ایلیویٹرز کی اہمیت کے حوالے سے مبالغہ آرائی سے کام نہیں لے سکتا، بالخصوص ان عمارات میں جن میں اکثریت عمر رسیدہ یا نقل و حرکت کی معذوریوں کے شکار افراد کی ہو۔ یہ فنڈز $1.1 بلین سرمائے کا حصہ ہیں جو کہ ہم نے حالیہ سالوں میں NYCHA کے لیے مختص کیے ہیں۔ میں نے اس سے بھی بڑی رقوم کی حمایت کی ہے اور آئندہ ریاستی بجٹ کے عمل میں اس کی حمایت جاری رکھوں گا، تاہم وسائل کی اچھے مقصد کی خاطر اس تقسیم کو دیکھ کر مجھے خوشی ہوئی ہے، جو کہ ایسی اصلاحات کے لیے ہے جن کے نتیجے میں NYCHA 34,000 رہائشیوں کے لیے رہن سہن کے مزید محفوظ تر اور مزید قابلِ بھروسہ حالات پیدا ہوں گے۔"

ریاستی سینیٹر Roxanne Persaud کا کہنا تھا کہ، "ریاستی سرمایہ جاتی فنڈ میں $300 ملین کی رقم کی خاطر تگ و دو کرنے پر مجھے فخر ہے، جس سے پورے نیو یارک شہر میں NYCHA عمارات میں ایلیویٹرز میں اہم بہتریاں لانے کے عمل میں معاونت ملے گی۔ تبدیل کیے جانے والے 335 ایلیویٹرز میں، 72 ان تین عمارات میں لگائے جائیں گے جو کہ موجودہ طور پر سینیٹ ڈسٹرکٹ 19 میں ہیں؛ 32 ایلیویٹرز ناسٹرنڈ ہاؤسز میں؛ 36 شیپس ہیڈ بے میں اور چار ووڈسن ہاؤسز میں ہیں۔ میں NYCHA اور DASNY کی معترف ہوں جو اس اہم پروجیکٹ کے حوالے سے ایک متفقہ نقطے پر پہنچیں اور مجھے خوشی ہے کہ اصلاحات کی جا رہی ہیں۔"

ریاستی سینیٹر John Liu نے کہا، "یہ ایک شاندار خبر ہے کہ NYCHA کی لیویٹ سٹریٹ کمیونٹی آخرکار اپنے خستہ حال ایلیویٹرز میں بہتری لانے کے اقدمات کو دیکھنا شروع کرے گی۔ فعال ایلیویٹرز نیو یارک شہر کی رہائشی سہولت گاہوں، بالخصوص عمر رسیدہ اور معذوریوں کے شکار افراد کی ایک ضرورت ہیں۔ عرصۂ دراز سے تاخیر کا شکار، یہ مرمتی عمل سالہا سال سے ابتر رہن سہن کی حالتوں کی درستگی کی جانب پہلا مناسب قدم ہے۔"

ریاستی سینیٹر Jamaal Bailey کا کہنا تھا کہ، "کئی دہائیوں سے، NYCHA کے رہائشی ناقابلِ بھروسہ ایلیویٹر سروس، گرمائش اور پانی کے مسائل، تاخیری مرمتوں، اور ٹوٹ پھوٹ کے شکار بنیادی ڈھانچے کی مشکل سے دوچار رہے ہیں۔ ریاستی اور مقامی فنڈنگ کا یہ ملاپ رہائشیوں، خصوصاً بزرگ افراد، معذریوں کے شکار افراد اور محدود نقل و حرکت کے حامل رہائشیوں کو بامقصد ریلیف پہنچانے کی خاطر درست سمت میں ایک قدم ہے۔ بنیادی ڈھانچے کی یہ اہم اصلاحات اور مرمتی عمل NYCHA کمیونٹیز کی صحت و حفاظت کی فوری ضروریات کو پورا کریں گی اور اس امر کو یقینی بنائیں گی کہ رہائشیوں کو بالآخر محفوظ، قابلِ رسائی، اور باوقار رہن سہن میسر ہو، جس کا وہ استحقاق رکھتے ہیں۔ میں پورے نیو یارک شہر میں NYCHA کرایہ داروں کے لیڈران، بالخصوص گن ہِل ٹیننٹ ایسوسی ایشن کے صدر Robert Hall کے کام اور ان کی جانب سے مسلسل حمایت پر ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ گورنر Kathy Hochul، میئر Eric Adams، NYCHA کے صدر Greg Russ، عبوری NYCHA CEO Lisa Bova-Hiatt، اور مقننہ میں موجود میرے رفقائے کار کا بہت شکریہ، جنہوں نے ریاستی بجٹ میں اس فنڈنگ کو ترجیح دی تاکہ اس کے ذریعے شہر بھر کی عوامی رہائش میں سرمایہ کاری کی جا سکے اور اس کی تجدید کی جا سکے۔"

ریاستی سینیٹر Zellnor Myrie نے کہا، "ایلیویٹرز درج ذیل کے لیے اہم بنیادی ڈھانچے کی حیثیت رکھتے ہیں: بزرگ افراد، نقل و حرکت کے ضرورت مند رہائشی؛ وہ خاندان جو اسٹرالرز لاتے لے جاتے ہوں، اور دن بھر کام کرنے کے بعد گھر واپس لوٹنے والے افراد۔ یہ ہمارے بالائی شہر میں نہات اہمیت کے حامل ہیں، تاہم اکثروبیشتر NYCHA رہائشیوں کو ایلیویٹرز کی بکثرت، طویل تاخیروں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور بعض اوقات جیسے ہی یہ درست کیے جائیں، یہ دوبارہ ٹوٹ جاتے ہیں۔ ریاستی بجٹ میں ان اپ گریڈز کے لیے فنڈز کی فراہمی پر مجھے فخر ہے اور میں اس بامقصد سرمایہ کاری پر NYCHA اور DASNY کا شکرگزار ہوں۔ میں ان اپ گریڈز کے نتیجے میں اپنے انتخاب کنندگان کے لیے بہتر معیارِ زندگی کو یقینی بنانے کا منتظر ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Julia Salazar نے کہا، "مرسی ہاؤسز میں ہمارے پڑوسی اعلیٰ معیاری، محفوظ رہن سہن کے حالات اور مکمل رسائی کا استحقاق رکھتے ہیں۔ مرسی میں نئے ایلیویٹرز کی تنصیب کے لیے کی جانے والی یہ مضبوط سرمایہ کاری عمارت کے رہائشیوں، بالخصوص بزرگ افراد اور ان رہائشیوں کے ساتھ عہد کا اظہار کرتی ہے، جنہیں اپنی عمارتوں میں مکمل طور پر فعال اور قابلِ بھروسہ ایلیویٹرز درکار ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Cordell Cleare کا کہنا تھا کہ، "مجھے خوشی ہے کہ وہ رقم، جس کی ریاستی بجٹ میں NYCHA کے لیے مختصی کی خاطر ہم نے انتھک کوششیں کی ہیں، وہ بالآخر بیش قیمت پروجیکٹس کے لیے استعمال کی جا رہی ہے جیسے کہ ٹافٹ ہاؤسز میں ایلیویٹر کے اپ گریڈز۔ اتھارٹی سے میری گزارش ہے کہ وہ انتہائی مطلوب ایسے اقدامات میں سرمایہ کاری کے ذریعے ہر پیسے کا بہترین استعمال کرے، جو تمام 30 ویں سینیٹوریئل ڈسٹرکٹ میں رہائشیوں کی ضرورت ہیں اور جن کا وہ استحقاق رکھتے ہیں۔ آخر میں، مجھے امید ہے کہ یہ مثال آئندہ FY 2023-24 بجٹ میں NYCHA کے لیے ریاستی معاونت کے جاری رکھنے کے عمل کو جلا بخشے گی۔"

رکن اسمبلی اور ریاستی اسمبلی کے طریقہ ہائے کار و وسائل کی کمیٹی کی صدر Helene Weinstein نے کہا، "ریاستی فنڈنگ، جس کے حصول میں، میں نے مدد دی، ان کے ذریعے ممکن بنائی گئی یہ ایلیویٹر اپ گریڈز درست سمت میں ایک خیرمقدمانہ قدم ہے۔ عرصۂ دراز سے، بزرگ اور نقل و حرکت کے مسائل کے شکار انتخاب کنندگان جو NYCHA کے شیپس ہیڈ اور ناسٹرانڈ اپارٹمنٹس میں مقیم ہیں، وہ گھسے پٹے ایلیویٹر سسٹم کی متواتر خرابی کے باعث عملاً مشکل میں گھر چکے ہیں۔ ان حفاظتی کیمروں کی مدد سے، کہ جو ہم نے کچھ سال قبل حاصل کیے ہیں، ہم NYCHA کو خاندانوں اور معذوریوں کے شکار افراد کے لیے محفوظ اور قابلِ رسائی گھر میں تبدیل کرنا جاری رکھیں گے۔"

رکن اسمبلی Alicia Hyndman کا کہنا تھا کہ، "DASNY معاہدے کے ذریعے، اس سے ایلیویٹر اپ گریڈز کے لیے ضروری معاونت فراہم کی جائے گی، جن کی متعدد عمارتوں میں طویل عرصے کے لیے تجدید کی ضرورت ہے۔ میں کانلن لاہف کے ایلیویٹرز استعمال کرتی رہی ہوں اور یہ تاریک اور نہایت سست رفتار ہیں۔ لہٰذا میں اپنے بزرگان کے لیے بہتریاں دیکھنے کی منتظر ہوں، جو کہ عرصۂ دراز سے کی جانی تھیں۔"

رکن اسمبلی Jo Anne Simon نے کہا، "مجھے نہایت خوشی ہے کہ ریاستی مقننہ میں موجود ہمارے ساتھیوں کی جانب سے فراہم کردہ فنڈز کے ذریعے سینکڑوں NYCHA ایلیویٹرز کو تبدیل کیا جائے گا۔ میں خصوصی طور پر اس بات سے خوش ہوں کہ گووانس ہاؤسز میں انتہائی تبدیلی طلب ایلیویٹرز کی تنصیب کی جائے گی۔ ان اپ گریڈز سے ایلیوٹر سروس میں حفاظت اور اس پر اعتماد پیدا ہو گا اور یہ عمل فوری طور پر ہونا ممکن نہیں۔ میں اپنے رفقائے کار، کرایہ داروں کی ایسوسی ایشن، گورنر Hochul، DASNY اور NYCHA کی شکرگزار ہوں، جنہوں نے مل جُل کر اس اہم اقدام کے لیے کوششیں کیں۔"

رکن اسمبلی Latrice Walker نے کہا، "میں براؤنز ویل، بروکلین میں NYCHA کی رہائش گاہ میں پروان چڑھی - جو کہ ایک ایسا نواحی علاقہ ہے جہاں ریاست کی عوامی رہائش کی سب سے زیادہ کثرت پائی جاتی ہے۔ لہٰذا، میں جانتی ہوں کہ NYCHA کے رہائشیوں کو پرانے ایلیویٹرز کی تبدیلی کی خاطر اس فنڈنگ کے ملاپ کی کس قدر اشد ضرورت ہے۔ یہ بزرگ افراد اور ان رہائشیوں کے لیے نہایت اہمیت کے حامل ہیں جو بوجہ نقل و حرکت کے نقص، سیڑھیاں نہیں چڑھ سکتے۔ NYCHA اور ریاست نیو یارک کی ڈورمیٹری اتھارٹی کے مابین $300 ملین کی فنڈنگ کا معاہدہ ان 20 عمارات میں رہائشیوں کے لیے ایک خیرمقدمانہ سرمایہ کاری ہے، جہاں ضرورت کی انتہا ہے۔"

رکن اسمبلی Harvey Epstein نے کہا، "مجھے یہ جان کر نہایت خوشی ہے کہ سٹراس ہاؤسز میں ریاستی سرمایہ جاتی فنڈنگ کی معاونت سے چار ایلیویٹرز تبدیل کیے جائیں گے۔ تقریباً ہر روز میں اور میری ٹیم ایلیویٹر کی خرابی اور مسائل کے بارے میں انتخاب کنندگان سے سنتے ہیں، جس کے باعث متعدد افراد، بالخصوص بزرگ افراد کو ایلیویٹرز ٹھیک ہونے تک اپنی لابیز میں انتظار کرنا پڑتا ہے۔ NYCHA کو ایلیویٹر اپ گریڈز کی خاطر مناسب مرمتی کاموں کی انجام دہی کے لیے رقم درکار ہے، اور مجھے خوشی ہے کہ اس پیش رفت سے اس کی موصولی یقینی ہو گی۔"

رکن اسمبلی Charles Fall کا کہنا تھا کہ، "مجھے یہ دیکھ کر خوش ہو رہی ہے کہ اپنے NYCHA رہائشی یونٹس میں اپ گریڈز لانے کی خاطر ہم نے جو ریاستی فنڈنگ حاصل کی ہے، اب اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ اپ گریڈز، بالخصوص ایلیویٹرز کے اپ گریڈز تمام NYCHA رہائشیوں، خاص طور پر بزرگ اور معذوریوں کے شکار

کرایہ داروں کے لیے بہتر زندگی کے معیارات میں اضافے کی خاطر ناگزیر عناصر ہیں۔ سٹیٹن آئلینڈ کے شمالی ساحل پر موجود اپنے NYCHA رہائشیوں کے لیے درکار اضافی اپ گریڈز کے سلسلے میں، میں ریاستی رفقائے کار، NYCHA اور DASNY کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کی منتظر ہوں۔"

رکن اسمبلی Stefani Zinerman کا کہنا تھا کہ، "ریاست نیو یارک کی مقننہ نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے محفوظ اور سستی رہائش کی فراہمی کے لیے پُرعزم ہے۔ مرسی ہاؤسز میں ایلیویٹرز کو اپ گریڈ کرنے کے خاطر ہماری $300 ملین کی سرمایہ کاری رہائشیوں، خاص کر بزرگ افراد، بچوں اور معذور افراد پر مشتمل خاندانوں کی زندگیوں کے لیے انتہائی اہم ہے۔ NYCHA کے بنیادی ڈھانچے کی ضروریات میں معاونت کی خاطر ریاست نیو یارک کی اسمبلی شہر، ریاست، اور وفاقی قانون سازوں کے ساتھ مل کر کام کو جاری رکھے گی۔"

رکن اسمبلی Edward Gibbs نے کہا، "ایک ایسے رکن اسمبلی کی حیثیت سے، جو ملک کی کثیر ترین عوامی رہائشی عمارات کی نمائندگی کرتا ہے، مجھے انتہائی فخر ہے کہ ریاستی مقننہ کے اندر ہم NYCHA کو بہتر بنانے کے سلسلے میں اپنے عزم کا اظہار کر رہے ہیں۔ اپنی NYCHA عمارات میں معیارِ زندگی کی بہتری کو یقینی بنانے کی خاطر ایلیویٹرز ناگزیر ہیں، اور خاص طور پر ان افراد کے لیے یہ انتہائی اہم ہیں جو نقل و حرکت کے نقائص کا شکار ہیں۔ اس فنڈنگ کے حصول میں شراکت داری پر میں گورنر Hochul، NYCHA اور اپنے رفقائے کار کا نہایت شکرگزار ہوں۔"

سابق ریاستی سینیٹر Diane Savino نے کہا، "اپنے ڈسٹرکٹ میں واقع NYCHA کمپلیکسز کے لیے عرصۂ دراز سے تاخیر کے شکار اور انتہائی مطلوب سرمایہ جاتی فنڈز کی فراہمی کے خاطر ہم اس پیش رفت اور ریاست سمیت DASNY کی جانب سے عزم کے حوالے سے نہایت پُرجوش ہیں۔ ایلیویٹر کے مرمتی کام اور اس کی تبدیلیوں کا عمل عوامی رہائش گاہوں میں مقیم متعدد افراد کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کے لیے ناگزیر ہے۔"

سابق رکن اسمبلی اور ریاست نیو یارک اسمبلی کی ہاؤسنگ کمیٹی کے صدر Steven Cymbrowitz کا کہنا تھا کہ، "یہ ایلیویٹر اپ گریڈز فوری طور پر درکار ہیں اور یہ NYCHA رہائشی سٹاک میں خاطر خواہ سرمایہ کاری کو ظاہر کرتے ہیں، جس سے آئندہ کئی سالوں تک رہائشی مستفید ہوں گے۔ ان پروجیکٹس کے لیے اس اہم فنڈنگ کی دستیابی کی خاطر مجھے اپنے رفقائے کار کے ساتھ کام کر کے خوشی ہوئی، اور میں NYCHA قیادت کے ساتھ کام جاری رکھنے کا منتظر ہوں تاکہ 400,000 سے زائد عوامی رہائش گاہوں میں مقیم ان رہائشیوں کی فلاح و بہبود کو فروغ مل سکے جو NYCHA عمارات کو اپنا گھر کہتے ہیں۔"

شہر گیر کونسل برائے صدور کے چیئر Danny Barber نے کہا، "مجھے شہر بھر کی NYCHA عمارات میں یہ انتہائی مطلوب ایلیویٹر تبدیلیاں لانے سے متعلق جان کر خوش ہو رہی ہے۔ میں پُراعتماد ہوں، کہ پایۂ تکمیل تک پہنچنے پر، یہ اصلاحات عوامی رہائش گاہوں میں مقیم رہائشیوں کے لیے اہم ریلیف پیدا کریں گی۔"

###